## سوال

(418) مجاہدین اور مقامی طلبہ میں سے زکوٰۃ کا زیادہ حق دار کون ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہم لوگ ا کے فضل و کرم سے صاحب مال و جائیداد ہیں اور ہر سال ا کی توفیق سے زکوٰۃ بھی ادا کر رہے ہیں ۔ جب سے جہاد شروع ہوا ہے ۔ ہم لوگ اپنی زکوٰۃ جہاد فنڈ میں بھی جمع کرا دیتے ہیں ۔ اب ایک دوست نے توجہ دلائی ہے کہ ''زکوٰۃ'' تو خالصتاً کا مال ہے اور جو آدمی مسلمان ہونے کے باوجود ادا کرنے سے انکار کرے اس کے خلاف تو خود جہاد کرنا فرض ہے ۔ اور یہی اسوۂ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ ہے ۔ زکوٰۃ کو اسی طور طریقہ پر خرچ کرنا چاہیے جس طریقہ سے ا نے ترتیب مقرر کی ہے اور نبی ﷺ نے اپنی زندگی میں عمل کیا ہے جس طرح زکوٰۃ اسلام کا ایک رکن ہے ۔ اسی طرح جہاد بھی اسلام کا دوسرا رکن ہے ۔ دونوں کے احکامات ا نے الگ الگ ارشاد فرمائیں ہیں ؟ اس دوست کا نقطۂ نظر بھی آپ کے ملاحظہ کےلیے روانہ کیا جارہا ہے ۔

اب ہمیں مندرہ ذیل اشکال ہیں ۔

۱۔ کیا زکوٰۃ مجاہدین پر خرچ کی جا سکتی ہے ؟

۲۔ مجاہدین اور مقامی مدرسہ کے طلباء میں سے کس کو ترجیح دی جائے ؟

۳۔ کیا مجاہدین کو زکوٰۃ دے دینے کے بعد ہم جہاد بالمال کے فرض سے سبکدوش ہو جائیں گے ؟ (ڈاکٹر سید شہزاد علی بخاری بخاریز ہسپتال ابوظبی روڈ۔ رحیم یار خان) (۲ اگست ۱۹۹۷ء)

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

۱۔ مجاہدین فی سبیل ا پر زکوٰۃ صرف ہو سکتی ہے ۔ کیونکہ مصارفِ زکوٰۃ میں یہ شامل ہیں ۔

۲۔ زکوٰۃ کے سلسلہ میں مقامی غرباء و مساکین اور غریب طلبۂ مدرسہ مقدم ہیں ۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے آپ ﷺ نے فرمایا تھا :

'تُؤْخَذُ مِنْ أَغْنِيَائِهِمْ وَتُرَدُّ عَلَى فُقَرَائِهِمْ ۔' (صحیح البخاری کتاب الزکاۃ، بَابُ وُجُوبِ الزَّكَاةِ، رقم: ۱۳۹۵)

''مقامی مالداروں سے زکوٰۃ وصول کی جائے اور انہی فقراء میں تقسیم کی جائے ۔''

ان کی ضروریات سے زائد جہاد فنڈ میں جمع کرادی جائے۔

۳۔ مجاہدین کوزکوٰۃ دینے سے آپ جہاد میں شریکِ کار سمجھے جائیں گے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 333**

محدث فتویٰ